علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

شعبۂ اردو

## وارننگ

**عزیز طلبه! آپ یه بات ذهن نشین کر لیں که**

1- **اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔**

2- **کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی**

کورس: نثری اصناف: تعارف و تفہیم (9036) سمسٹر: خزاں 2026ء

سطح: بی ایس اردو

### (ہدایت نامہ برائے طلبہ)

براہ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں، البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا Word فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/ تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی، جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہوگا۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور تنقیدی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/ معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر 100 کامیابی کے نمبر: 50

### امتحانی مشق نمبر 1

### (یونٹ نمبر 1 تا 4)

سوال نمبر ۱: داستان سے کیا مراد ہے؟ داستان کے عناصرِ ترکیبی تفصیل سے بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر ۲: 'چاندنی بیگم' کی کردار نگاری کا جائزہ پیش کریں۔ (20)

سوال نمبر ۳: احمد ندیم قاسمی کے افسانوں میں دیہی زندگی کی عکاسی ملتی ہے، وضاحت کریں نیز 'کفن دفن' کا تنقیدی جائزہ پیش کریں۔ (20)

سوال نمبر ۴: ڈرامے کے عناصرِ ترکیبی کیا ہیں؟ 'لہو اور قالین' کا فکری جائزہ پیش کریں۔ (20)

سوال نمبر ۵: علامتی افسانے کی تعریف کریں نیز خالدہ حسین کے افسانے 'دوسرا آدمی' کا تنقیدی جائزہ پیش کریں۔ (20)

# امتحانی مشق نمبر 2

## (یونٹ نمبر 5 تا 9)

کل نمبر 100 | کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر ۱: خودنوشت اور سوانح عمری کی تعریف کریں اور پانچ پانچ مثالیں پیش کریں نیز 'سرگذشت' کا جامع تعارف پیش کریں۔ (20)

سوال نمبر ۲: خاکہ نگاری کے اہم اوصاف تحریر کریں نیز بتایں کہ شاہد احمد دہلوی کی خاکہ نگاری کو بلند مقام کیوں حاصل ہے؟ (20)

سوال نمبر ۳: سفرنامے کے اجزائے ترکیبی بیان کریں نیز 'چلتے ہو تو چین کو چلیے' کی انفرادیت کی مثالوں کے ساتھ وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر ۴: طنز اور مزاح میں فرق واضح کریں نیز مرزا فرحت اللہ بیگ کے 'مضامینِ فرحت' کے نمایاں اوصاف مثالوں کی مدد سے واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر ۵: مضمون اور انشائیے میں فرق واضح کریں اور ڈاکٹر وزیر آغا کی انشائیہ نگاری کا تعارف پیش کریں۔ (20)